نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی گلابی سنڈی کے کنٹرول کیلئے کپاس کے مرکزی علاقہ جات میں گوسیپلور(روپس) کی سبسڈی پر فراہمی

لاہور: 19 جنوری 2022(   )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حکومت پنجاب کپاس کے کاشتکاروں کوگلابی سنڈی کوکنٹرول کرنے کے لیے کپاس کے مرکزی وثانوی علاقہ جات کی 54 تحصیلوں کے ترقی پسند کاشتکاروں کوگوسیپلور(روپس) سبسڈی پر فراہم کر رہی ہے تاکہ کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔اس مقصد کے لیے کپاس کے علاقوں میں گوسیپلور(روپس)کے نمائشی پلاٹ بھی لگائے جائیں گے۔اس ضمن میں کپاس کے مرکزی وثانوی علاقہ جات ملتان، بہاولپور، ڈی جی خاں، ساہیوال، سرگودھا اور فیصل آباد ڈویژنوں کی تمام 54 تحصیلوں میں 50 ایکڑ تک آبپاش زرعی اراضی کے مالک مردوخواتین کاشتکارا کیلے یا گروپ کی شکل میں درخواست دینے کے اہل ہونگے۔گوسیپلور(روپس) کاشتکار خود خریدیں گے(پری کوالیفائیڈ فرم سے) جس پر حکومت فی ایکٹر 1000 روپے سبسڈی دے گی۔60 فیصد سبسڈی گوسیپلور(روپس) خریدتے وقت دی جائے گی اور بقیہ 40 فیصد کپاس کے اختتامی موقع پر دی جائے گی۔ہر درخواست دہندہ کا ریکارڈ تحصیل کی سطح پر متعلقہ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت(توسیع) میں درج ہوگا۔تحصیل، ضلع اور صوبائی سطح کی کمیٹیاں اس پروگرام کی نگرانی کریں گی۔ضلع کمیٹی مکمل تصدیق کے بعد گوسیپلور(روپس) کے لیے اہل کاشتکاروں کے نام قرعہ اندازی کی فہرست میں شامل کرے گی اور قرعہ اندازی مقررہ تاریخ اور وقت پر کرنے کی پابند ہوگی۔محکمہ زراعت اور محکمہ مال کے ملازمین اس سکیم میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔کاشتکار درخواست فارم متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت(توسیع) یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت(پیسٹ وارننگ) کے دفاتر سے مفت حاصل کریں۔دراخوست فارم محکمہ زراعت(توسیع) کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔درخواست فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی۔کاشتکار اپنی درخواستیں متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت(توسیع) کے دفتر میں جمع کروا کر رسید حاصل کریں۔درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ **10 فروری 2022** ہے۔مزید معلومات کیلئے خواہشمند کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر 042-992001245 یا 042-99201148 اور 061-99201277 پر رابطہ کر سکتے ہیں

☆☆☆☆